تنقیص وتحقیر سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ عیب وہنر کی تعیین وتشخیص میں نقطۂ نظر کا بہت زیادہ دخل ہوتا ہے، اس لیے صاحبِ انصاف صرف کسی کے تاثر و بیان کی بنیاد پر رائے قائم نہیں کرتے ؎

فعین الرضا عن کل عیب کلیلۃ　　　ولکن عین التسخط تبدی المساویا

یعنی "رضامندی کی نظر عیوب دیکھنے سے قاصر ہوتی ہے، اور ناراضگی کی نظر صرف برائیوں کو نمایاں کرتی ہے"

تقریبًا یہی بات شیخ سعدیؒ نے یوں کہی ہے:

ہنر بچشم عداوت بزرگ تر عیب است　　　گل است سعدی و در چشم دشمناں خار است

اخبار الجامعہ

اہل حدیث یوتھ فورس کا ماہانہ تربیتی اجلاس اور تقریری مقابلہ

گزشتہ دنوں جامعہ کے سبزہ زار میں بعد از نمازِ عصر اہل حدیث یوتھ فورس کے ماہانہ تربیتی اجلاس میں ایک انعامی تقریری مقابلہ ہوا، جس کا عنوان تھا:

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت سپہ سالار!

اس تقریری مقابلہ میں یوتھ فورس کے مختلف یونٹوں سے تعلق رکھنے والے بہت سے بچوں اور نوجوانوں نے حصّہ لیا۔ اکثر مقررین کی تقریریں ہر لحاظ سے بہترین تھیں، اور سامعین نے انھیں بے ساختہ داد دی۔

آخر میں رئیس الجامعہ جناب علامہ محمد مدنی نے گزشتہ مقابلہ میں اول، دوم، سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں انعام کے طور پر اسلامی کتب تقسیم کیں، اور اعلان کیا کہ آئندہ اجلاس ۶ر اکتوبر کو ہوگا، جس میں مناظرِ اسلام علامہ محمد شمشاد سلفی آف نارنگ منڈی خطاب فرمائیں گے۔

—— رئیس الجامعہ کی دعائے خیر پر یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔